The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ

بے شک انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس

(اور ناشکرا) ہے اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندھري)

سورة العاديات

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا (1)

ان سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپ اٹھتے ہیں

فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا (2)

پھر (پتھروں پر نعل) مار کر آگ نکالتے ہیں

فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا (3)

پھر صبح کو چھاپہ مارتے ہیں

فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا (4)

پھر اس میں گرد اڑاتے ہیں

فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا (5)

پھر اس وقت دشمن کی فوج میں جا گھستے ہیں

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ (6)

بے شک انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس (اور ناشکرا) ہے

وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ (7)

اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ (8)

وہ تو مال کی سخت محبت کرنے والا ہے

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ (9)

کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو (مردے) قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لئے جائیں گے

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ (10)

اور جو (بھید) دلوں میں ہیں وہ ظاہر کر دیئے جائیں گے

إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ (11)

بے شک ان کا پروردگار اس روز ان سے خوب واقف ہوگا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com